بینک دولت پاکستان
شعبہ اسلامی مالیات پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی ایف پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر02 برائے2026ء

10جون2026ء

اسلامی بینکاری شاخیں رکھنے والے تمام روایتی بینکوں اور
اسلامی آپریشنز کے حامل تمام مائکروفنانس بینکوں کے
صدور / چیف ایگزیکٹوز،

محترم / محترمہ،

**اسلامی بینکاری ونڈوز (آئی بی ڈبلیوز) کے آپریشنز سے متعلق ہدایات**

براہِ کرم اس موضوع پر شعبہ ٔ اسلامی بینکاری (آئی بی ڈی) کا سرکلر نمبر02 برائے2020ء ملاحظہ فرمائیں۔

2۔ بینکوں / مائکروفنانس بینکوں (ایم ایف بیز) کو روایتی (conventional) شاخوں کو اسلامی شاخوں میں تبدیل کرنے کے عمل میں سہولت فراہم کرنے اور اسلامی بینکاری ونڈوز کے آپریشنز کو مزید موثر بنانے کی غرض سے موجودہ ہدایات میں درج ذیل ترامیم کا فیصلہ کیا گیا ہے:

i۔ بینک / مائکروفنانس بینک برانچ کی منتقلی کے سالانہ پلان کے تحت یا علیحدہ درخواست کے ذریعے منظور شدہ روایتی شاخوں میں، اسٹیٹ بینک کی پیشگی منظوری کے بغیر اسلامی بینکاری ونڈوز (IBWs) قائم کرسکتے ہیں۔ ایسی ونڈوز متعلقہ شاخ کی اسلامی شاخ میں تبدیلی کے عمل کے آغاز کی تاریخ سے لے کر اس کی مکمل منتقلی تک عبوری مدت کے لیے قائم کی جاسکیں گی۔

الف) شاخ کی تبدیلی کے مرحلے کے دوران [جیسا کہ نکتہ (i) میں اجازت دی گئی ہے]، بینک / مائکروفنانس بینک شریعت سے ہم آہنگ تمام مصنوعات بشمول ڈپازٹس اور ہر قسم کی فنانسنگ (فنڈڈ اور غیر فنڈڈ) فراہم کرسکتے ہیں۔
ب) بینک / مائکروفنانس بینک برانچ کی منتقلی کے سالانہ پلان یا علیحدہ درخواست کے تحت شاخ کی تبدیلی کے لیے اسٹیٹ بینک سے منظوری طلب کرتے وقت اسلامی بینکاری ونڈوز کے قیام کا اپنا منصوبہ بھی واضح کریں گے۔
ج) شاخ کی تبدیلی کے عمل کے حصے کے طور پر عبوری مدت کے لیے قائم کی جانے والی اسلامی بینکاری ونڈوز پر کوئی پروسیسنگ فیس یا سالانہ فیس لاگو نہیں ہوگی۔

ii۔ روایتی بینک شاخ کے سائن بورڈ پر اسلامی بینکاری ونڈو کا نام ایک چوتھائی (¼) حصے میں نمایاں کرنے کی موجودہ شرط میں نرمی کی گئی ہے تاکہ اسلامی بینکاری ونڈوز کے قیام میں سہولت فراہم کی جاسکے۔ تاہم، بینک / مائکروفنانس بینک اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ شاخ کے داخلی دروازے پر مناسب متبادل انتظامات موجود ہوں اور شاخ کے اندر نمایاں انداز میں ایسے سائن بورڈز آویزاں کیے جائیں جو اسلامی بینکاری مصنوعات اور خدمات کی دستیابی کی نشاندہی کرتے ہوں۔

iii۔ بینکوں / مائکروفنانس بینکوں کو روایتی اور اسلامی فنڈز کو موثر طریقے سے علیحدہ کرنے کے لیے ٹیکنالوجی سے استفادے کے پیش نظر، اسلامی بینکاری ونڈوز کی قریبی اسلامی شاخ / حب کے ساتھ رئیل ٹائم کنکٹی وِٹی کی شرط میں ترمیم کی گئی ہے۔ اب ایسی ونڈوز کا کنٹرولنگ برانچ / حب / مرکزی ڈیٹا سینٹر کے ساتھ مربوط ہونا لازمی ہوگا۔

iv۔ روایتی بینکوں کی اسلامی بینکاری ونڈوز سے متعلق موجودہ ہدایات مائکروفنانس بینکوں پر بھی لاگو ہوں گی تاکہ وہ اسلامی مصنوعات اور خدمات اسلامی بینکاری ونڈوز کے ذریعے فراہم کرسکیں۔

v۔ اسلامی بینکاری ونڈوز کے حامل تمام بینک / مائکروفنانس بینک سہ ماہی بنیادوں پر ڈی اے پی (DAP) کے ذریعے منسلکہ **ضمیمہ - II** میں فراہم کردہ فارمیٹ کے مطابق متعلقہ سہ ماہی کے اختتام کے سات (7) یوم کے اندر ڈیٹا جمع کراتے رہیں گے۔

**3۔** اسلامی بینکاری ونڈوز کے آپریشنز سے متعلق جامع ہدایات، جن میں مذکورہ بالا ترامیم شامل کردی گئی ہیں، فوری نفاذ اور مکمل تعمیل کے لیے منسلک ہیں۔

**4۔** براہِ کرم اس مراسلے کی وصولی سے مطلع فرمائیں۔

**منسلکات:**

ضمیمہ–i: سلامی بینکاری ونڈوز (آئی ڈبلیوبیز) کے آپریشنز سے متعلق ہدایات

ضمیمہ–ii: رپورٹنگ کا فارمیٹ

آپ کا مخلص

**ڈاکٹر زاہد الرحمٰن کھوکھر**

ڈائریکٹر